سوال

(196) مسلمانوں اور قادیانیوں میں فرق

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسلمانوں اور احمدیوں میں کیا فرق ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان دونوں میں یہ فرق ہے کہ مسلمان ایک اللہ کی عبادت کرتے ہیں اور اس کے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کرتے ہیں اور یہ ایمان رکھتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں، آپ کے بعد کوئی نبی نہیں۔ احمدی وہ ہیں جو مرزا غلام احمد کے پیروکار ہیں لہٰذا وہ کافر ہیں مسلمان نہیں۔ کیونکہ ان کا خیال ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مرزا غلام احمد نبی ہے اور جو شخص یہ عقیدہ رکھتا ہے اس کے متعلق تمام علمائے مسلمین کا اتفاق ہے کہ وہ کافر ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ (الاحزاب ۳۳/ ۴۰)

''محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے مردوں میں سے کسی کے والد نہیں لیکن وہ اللہ کے رسول اور نبیوں کو ختم کرنے والے ہیں۔''

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحیح حدیث ہے کہ آپ نے فرمایا:

(أَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ لاَ نَبِيَّ بَعْدِي)

''میں خاتم النببین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔''[1]

وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیَّنَا مُحَمَّدٍ وَآلِہِ وَصَحْبِہِ وَسَلَّمَ

اللجنة الدائمة۔ رکن: عبداللہ بن قعود، عبداللہ بن غدیان، نائب صدر: عبدالرزاق عفیفی، صدر عبدالعزیز بن باز

---

[1] صحیح بخاری حدیث نمبر: ۳۵۳۵۔ صحیح مسلم حدیث نمبر: ۲۲۸۶۔ صحیح مسلم حدیث نمبر: ۲۲۸۶۔ سنن ابی داؤد حدیث نمبر: ۴۲۵۲۔ مسند احمد ج: ۲، ص: ۳۹۸۔ مسند احمد ج: ۲،

ص: ۳۹۸،۴۴۸، ج: ۳،

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

جلددوم- صفحہ 203

محدث فتویٰ